ہم چین کے شکرگزار ہیں کہ اس نے ہمارے حق و انصاف پر مبنی موقف کی حمایت کی۔ ہم اس کی اس یقین دہانی کے بھی ممنون ہیں کہ چین ہمارے ساتھ ہے، ہمیں اعلیٰ ہتھیاروں سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے۔ اس مرحلہ پر ہم اپنے ارباب اقتدار و اختیار سے یہ گزارش ضروری سمجھتے ہیں کہ ایک بڑی طاقت کی برصغیر میں غیر معمولی دلچسپی کے باعث یہاں جو نئے خطرات بلکہ نئے طوفان پروان چڑھ رہے ہیں۔ ان کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اس بڑی طاقت کے ساتھ اپنے تعلقات پر نظرثانی کریں۔ اپنے دوست دشمن میں تمیز کریں۔ اس غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں کہ بھارت واقعی ہمارا دوست بن رہا ہے اور آنے والے خطرات کے مقابلہ کی تیاری کریں۔

ہماری خارجہ پالیسی کا مرکز و محور یہ اصول رہا ہے کہ دنیا کے تمام ملکوں سے یکساں بنیادوں پر دوستانہ تعلقات استوار کئے جائیں۔ اسی اصول کی بنیاد پر ہم نے تین بڑی طاقتوں، چین امریکہ اور روس سے روابط استوار کئے۔ ماضی قریب میں اقوام متحدہ کے اندر اور باہر ان تینوں بڑی طاقتوں کے طرز عمل سے ہمیں یہ معلوم کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہونی چاہیے کہ ان تینوں میں سے ہمارا دوست کون ہے اور ہم کس پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ چین جو ماضی میں دوستی کا دم بھرنے کے باوجود ہماری آزادی و خود مختاری اور ہمارے قومی مفادات کے لئے باعث زیاں ثابت ہوتی رہی ہے۔ اس کے ساتھ یک طرفہ دوستی کے مظاہرے کا کوئی فائدہ نہیں۔ (نوائے وقت لاہور)

یہ کہا جا سکتا ہے کہ دعوت بھی اور گفتگو بھی اپنی جگہ اہم ہے اور دور رس نتائج کی حامل۔ وزارت صدر مملکت نے صوبائی اور یہ پہلا موقع نہیں کہ انہوں نے افہام و تفہیم سے باہمی تعاون کو فروغ دینے کی کوشش کی۔ صدارت کا عہدہ سنبھالنے کے بعد انہوں نے اس طرح کی پہل کی تھی اور نیپ اور جمعیت العلمائے اسلام کے نمائندوں سے تفصیل بات کر کے ایک سہ فریقی معاہدہ مجموعہ تحریری تھا اور توقع تھی کہ اس سے برسر اقتدار جماعت اور ان دونوں جماعتوں کے مابین مفاہمت کی فضا پیدا ہو جائے گی۔ یہ توقع پوری طرح پوری نہ ہو سکی اور اختلافات تحریری معاہدے کے باوجود ابھرنے لگے یہ غنیمت ہے کہ مرکزی قیادت نے انہیں ایک حد سے آگے نہیں بڑھنے دیا لیکن صوبوں سے جس طرح کی آوازیں بلند ہونے لگیں ان سے خاصی بداعتمادی کا پتہ چلتا ہے یہ تاثر کسی طور خوش آئند نہیں سمجھا جا سکتا کہ مرکز اور صوبوں کے مفادات باہم ہم آہنگ نہیں بلکہ متصادم ہیں، مرکز کو صوبوں سے عدم تعاون کا ذمہ دار بھی قرار دیا گیا اور اسے آنکھیں بھی دکھائی جانے لگیں گو ذمہ دار افراد نے واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ انہیں عدم تعاون کی شکایت نہیں لیکن باتیں اس انداز سے ضرور ہوئیں کہ صوبوں کا مفاد مرکز کو اتنا عزیز نہیں جتنا کہ صوبائی حکومتوں کو ہے۔

سوال صوبوں کا نہیں، سوال عوام اور ان کی روز مرہ کی مشکلات کا ہے۔ مذاکرات حل کر کے ان مشکلات کو دور کیجئے تاکہ عام آدمی انسان کی طرح زندگی گزار سکے اور پاکستان اس تصور اور خواب کی عملی تعبیر بن سکے جسے اقبال اور قائد اعظم اور ان کے نام پر اہل ان کی قیادت میں علیحدگی اور آزادی کا انقلاب برپا کرنے والوں نے تمام کیا اور دیکھا تھا۔ ایسا نہ کیا گیا تو بقول اقبال رح

مدارا چیرہ دستاں سخت ہیں فطرت کی تعزیریں!

(ہفت روزہ نصرت لاہور)

صوبائی خانہ جنگی اور عوامی مفادات

صدر بھٹو نے ایک بار پھر سرحد اور بلوچستان کے گورنروں اور وزرائے اعلیٰ کو اسلام آباد مدعو کر کے ان سے گفتگو کی ہے۔ دوران گفتگو کن مسائل زیر بحث آئے اور کیا فیصلے ہوئے۔ اس کے متعلق باقاعدہ اعلان نہیں ہوا۔

میونخ اولمپک میں پاکستانی ٹیم کی بدنظمی کی تحقیقات شروع ہو گئی

کھلاڑیوں کے نامناسب رویے سے میرا سر ندامت سے جھک گیا ہے: صدر بھٹو

کراچی ——— صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا کہ میونخ اولمپک میں پاکستانی ہاکی ٹیم کے نامناسب رویے کے باعث میرا سر ندامت سے جھک گیا ہے اور میں ذاتی طور پر پاکستانی قوم کی طرف سے مغربی جرمنی کی حکومت سے خلوص کے ساتھ معذرت کرتا ہوں۔



مجھے رہا کیا جائے

حکومت سرحد سے یحییٰ خان کی درخواست

وزیر آباد (پ پ ا) صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود نے خطاب سے پشاور واپس آتے ہوئے وزیر آباد اسٹیشن پر پاکستان پیپلز... سابق صدر یحییٰ خان اس دنوں ... نظر بند ہیں اور انہوں نے صوبائی حکومت سے ... وزیر اعلیٰ ... نے بتایا کہ صوبہ سرحد کی حکومت کو یحییٰ خان کی ایک درخواست موصول ہوئی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ حکومت نے مجھے ... نظر بند کیا ... ان کے خلاف ... لہٰذا مجھے رہا کر دیا جائے۔ مولانا مفتی محمود نے کہا کہ صوبہ سرحد کی حکومت نے سابق صدر کی درخواست مرکزی حکومت کو بھیج دی ہے۔ اس سوال کے جواب میں کہ کیا یحییٰ خان کیلئے شراب مہیا کی جاتی ہے مفتی محمود نے کہا کہ ایسی کوئی بات مجھے معلوم نہیں ہے۔

۱۸ سالہ لڑکی کپڑوں میں آگ لگنے سے ہلاک

(راولپنڈی) ڈھوک کشمیریاں علاقہ میں ایک اٹھارہ سالہ شادی شدہ لڑکی کپڑے بدلتے ہوئے دیا سے آگ لگنے کی وجہ سے جھلس کر ہلاک ہو گئی۔ پولیس کے مطابق مسماۃ ... اپنے گھر کے کمرے میں دیا جلا کر کپڑے تبدیل کر رہی تھی کہ کپڑوں نے آگ پکڑ لی اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ شعلوں کی لپیٹ میں آ گئی۔ اس کا شور سن کر گھر والوں نے آگ بجھائی اور اسے طبی امداد کے لئے سول ہسپتال پہنچایا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لا کر جان بحق ہو گئی۔

سال رواں کے آخر تک پاکستان کو بڑے پیمانہ پر اقتصادی امداد ملے گی

روپے کی قیمت میں کمی کا خاطر خواہ فائدہ اٹھانے کے لئے پیداوار بڑھانی ہو گی: صدر بھٹو

صنعتکار کوتاہی نہ کریں ورنہ حکومت متبادل اقدامات کرے گی

حقوق دینے سے انکار کی وجہ سے ہی مسائل پیدا ہوتے ہیں

کراچی ——— (پ پ ا) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ اس سال کے اختتام سے قبل پاکستان کو کمیونسٹ کیمپ کے ممالک نیز روس اور عوامی جمہوریہ چین سے بڑے پیمانے پر اقتصادی امداد ملے گی جس کے ذریعے ہم اپنے اقتصادی ترقی کے پروگراموں پر عملدرآمد کریں گے اور صنعتوں کو توسیع و ترقی دے سکیں گے۔ انہوں نے یہ بات آج شب کو ایک مقامی ہوٹل میں ایوان تجارت و صنعت کراچی کی سالانہ ضیافت میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر بھٹو نے کہا کہ اگر ہم روپے کی قیمت میں کمی کے اقدام کا قرار واقعی فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں ہر صورت میں پیداوار میں اضافہ کرنا چاہیئے۔ پیداوار میں اضافہ اور برآمدات ہی کے ذریعے ہی ملک خوشحال ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کیمیاوی کھاد کا کارخانہ، جراثیم کش ادویات کے کارخانے، شکر کے کارخانے، نیوز پرنٹ کا کارخانہ اور بعض دوسری ضروری اشیا کی تیاری کے کارخانے قائم کرنا چاہتے ہیں تاکہ ملک کی ضروریات کی زیادہ سے زیادہ اشیا مقامی طور پر تیار ہو سکیں۔ صدر بھٹو نے بتایا کہ عنقریب پیپلز ورکس پروگرام پر عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔ اس صورت میں لاکھوں افراد کو روزگار مہیا ہوگا اور جس گھر میں اب ایک آدمی کمانے والا ہے اس گھر میں دو آدمی برسر روزگار ہوں گے۔ روزگار کے نت نئے مواقع کی فراہمی سے اشیاء کے نرخوں میں جو اضافہ ہوگا اسے دونوں بھائی مل کر برداشت کریں گے۔ صدر بھٹو نے کہا کہ روپے کی قیمت میں کمی سے قبل عالمی بینک کے صدر نے ہمیں یقین دلایا تھا کہ ہماری معیشت کو بحال کرنے کے لئے امداد دی جائے گی۔ ہمیں یقین ہے کہ عالمی بینک اور دوسرے ممالک اپنے وعدے پورے کریں گے۔ انہوں نے تاجروں اور صنعتکاروں کو خبردار کیا کہ وہ مزدوروں کے ساتھ اپنے تعلقات بہتر بنائیں کیونکہ اسی صورت میں ان کی بھلائی اور ملک کا فائدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا اس وقت شدید کرب سے گزر رہا ہے یہاں کے مسائل بہت زیادہ ہیں اور مادی اور فنی وسیلے کم ہیں کیونکہ فرانسیسی انقلاب اور روسی انقلاب کے بعد حالات نے ایک اہم پلٹا کھایا۔ انہوں نے بتایا کہ بالشویک انقلاب کے عظیم رہنما لینن نے بھی ایک امریکی ڈاکٹر کو روس میں پنسلین کا کارخانہ لگانے کی اجازت دی تھی اسی طرح چین میں سابق مالکان کو کارخانوں کے منیجر بنا دیا گیا ہے اور انہوں نے ۱۹۶۳ء میں شنگھائی میں ایک کارخانے کے سابق مالک سے ملاقات کی تھی۔



پاکستان میں عام انتخابات منعقد کرائے جائیں۔

اصغر خان کا مطالبہ

تحریک استقلال پارٹی کے رہنما ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے صدر بھٹو سے دو ماہ کے اندر اندر چیف جسٹس کی نگرانی میں ملک میں عام انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے حکومت پر ملک کی حفاظت کے ذمہ دار سیاستدانوں کو بدنام کرنے کے لئے اخبارات میں مہم چلانے کے الزامات بھی عائد کئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ معاہدہ شملہ ملک کو بھارت کے ہاتھوں بیچنے کے مترادف ہے۔ پاکستان فرنٹ کے قائم مقام صدر اور مشہور ماہر قانون ایم انور بار ایٹ لاء نے بھی ایئر مارشل اصغر خان کے مطالبہ کی حمایت کرتے ہوئے صدر بھٹو سے کہا ہے کہ وہ دو ماہ کے اندر اندر ملک میں انتخابات کرائیں۔ انہوں نے صدر بھٹو سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ موجودہ حکومت کو توڑ کر تین ماہ کے لئے ایک قومی حکومت قائم کریں۔

پاکستان میں نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ کی پابندی ختم کر دی گئی

کراچی (نمائندہ خصوصی) حکومت پاکستان نے پاکستان سے برطانیہ آنے والوں پر سے نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ کی پابندی ختم کر دی ہے۔ یاد رہے کچھ عرصہ قبل اخبار وطن میں ایک رپورٹ شائع ہوئی تھی جس میں نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے سلسلے میں پاکستانیوں کی مشکلات کی نشان دہی کی گئی تھی اور تفصیل سے بتایا گیا تھا کہ کراچی میں امیگریشن کے اس پابندی سے فائدہ اٹھا کر لوگوں کو لوٹ رہے ہیں۔ اخبار وطن کی اس رپورٹ پر حکومت نے امیگریشن کے حکام کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا تھا اور اس کے نتیجے میں اب حکومت نے یہ تکلیف دہ پابندی ختم کر دی ہے۔

خدا مجھے ان لیڈروں سے بچائے

جس طرح "زیادہ اناج اگاؤ" کی مہم ایک مستقل نعرہ بن گئی ہے۔ اسی طرح رہبر بنو اور رہبر بناؤ کی تحریک بھی ایک ہمہ گیر مشغلے کی صورت اختیار کر گئی ہے۔ رہبروں کی سب سے مقبول شکل ایم۔ ایل۔ اے ہے۔

سنیاسی جڑی بوٹیوں کی طرح رہبروں کی بھی دو خاص صورتیں ہیں۔ ایک، ایم۔ ایل۔ اے بننے سے پہلے اور دوسری ایم۔ ایل۔ اے بننے کے بعد۔ پہلی صورت میں عموماً سفیر پیدا ہوتے ہیں۔ اور دوسری صورت میں وزیر۔ جو کہ سفارت اور وزارت کی اسامیوں سے بال بال بچ جائیں انہیں قوم کا غم کھانے اور ڈپٹی کمشنروں کا ہاتھ بٹانے کے لئے آزاد چھوڑ دیا جاتا ہے۔

قوم کا غم کھانے والے رہبر قوم کا غم بڑی خوش اسلوبی سے کھاتے ہیں۔ اگر یہ غمخوار طبقہ عالم وجود میں نہ رہے تو بے چاری قوم بہت جلد گنجی ہو جائے۔ لیکن جو رہبر فقط ڈپٹی کمشنروں کا ہاتھ بٹانے پر مامور ہوا کرتے ہیں۔ ان کی ذات سے چشم بد دور اور دل ملے دلشاد ہوتے ہیں۔

اسی طرح کے ایک رہبر اس وقت مجھے ملنے آئے ہوئے ہیں۔ جب وہ کمرے میں داخل ہوتے ہیں۔ تو ان کی چال ڈھال اور ان کے سارے انداز پکار پکار کر پوچھتے ہیں کہ کیسے صاحب، کوئی سنگین واردات تو نہیں ہوئی؟ اگر نہیں ہوئی تو کیوں نہیں ہوئی؟ ضرور ہوئی ہوگی۔ یہ بھی کوئی بات ہے۔ بھلا کہ میرے علاقہ میں بد امنی نہ ہو، خوف و خطر نہ ہو۔ ملک اللہ یار کی لڑائی نہ ہو، خورشید چوہدری کا ناانصافی نہ ہو۔ ارے صاحب یہ سب کچھ ہو رہا ہے اور ڈنکے کی چوٹ ہو رہا ہے۔ فقط آپ کی اطلاعات کمزور ہیں۔ وہ میز پر مکہ مار کر اعلان کرتے ہیں۔

کیا بتاؤں اور کیا نہ بتاؤں۔ رہبر صاحب بے حد الجھن میں ہیں۔ اگر ایک قصہ ہو تو کچھ تفصیلات بھی عرض کروں۔ لیکن این خانہ تمام آفتاب است۔ یہاں پر تو قدم قدم پر کچھ ہو رہا ہے۔ آہ نہ جانے اس بد نصیب ضلع کا کیا انجام ہونے والا ہے۔

جاتے جاتے رہبر صاحب اپنی قیمتی ترکی ٹوپی جان بوجھ کر میری میز پر بھول جاتے ہیں۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ کچھ وقفے کے بعد وہ اپنی ٹوپی لینے کے بہانے دوبارہ تشریف لائیں گے اور اپنے چھوٹے بھائی کے حق میں میری معلومات میں اضافہ فرمائیں گے جو اگلے روز چینی کی بلیک مارکیٹ کرتے ہوئے پکڑا گیا تھا۔

یہ لیڈر ذرا جلالی قسم کے رہبر ہوتے ہیں۔ ان کے برعکس ایک سراپا جمالی رہبر ہیں۔ جو آتے ہی پوچھتے ہیں۔ آپ کے تبادلے کی کوئی خبر تو نہیں؟

"جی نہیں ابھی تک تو کوئی خبر نہیں سنی۔"

"کوئی پرواہ نہیں" جمالی رہبر صاحب بڑے پیار سے میری ڈھارس بندھاتے ہیں۔ "اگر کوئی ایسی ویسی خبر ہو، تو بلا تامل مجھے بتا دیجئے گا۔ میں لاہور جا کر سارا بندوبست کر دوں گا۔"

مجھے بار بار ان کو یقین دلانا پڑتا ہے، کہ فی الحال میرے تبادلے کا کوئی اندیشہ نہیں۔ میرے بھائی بندوں پر کوئی مقدمہ نہیں چل رہا۔ میرے بھتیجوں اور بھانجوں پر کوئی آفت نازل نہیں ہوئی...... لیکن جمالی لیڈر صاحب مصر ہیں کہ آج نہیں تو کل مجھے اس قسم کے حادثات سے لازمی طور پر دو چار ہونا ہی پڑے گا۔ لہٰذا میری عافیت اسی میں ہے کہ میں ان کی فرمانبرداری، سعادت مندی اور احسان کے خلوص پر مکمل اعتماد رکھوں۔

یقین دہانی کے بعد وہ یکایک اپنی جیب سے ایک فہرست برآمد کرتے ہیں۔ اس فہرست میں چند پٹواریوں اور تھانیداروں کے نام درج ہیں جنہیں رہبر صاحب رفاہ عامہ کے خیال سے کسی اور جگہ تبدیل کرانا چاہتے ہیں۔

"مجھے ذاتی طور پر ان ملازموں سے کوئی پرخاش نہیں" جمالی صاحب فرماتے ہیں "البتہ عوام کی سہولت اور بہبود کا خیال ہے۔ اگر یہ صاحبان تبدیل ہو جائیں تو عوام کے سر سے ایک بہت بڑی بلا ٹل جائے گی۔"

سرکاری ملازموں کا یہ ردوبدل ان لیڈروں کا محبوب مشغلہ ہے۔ رفاہ عامہ کی آڑ میں دراصل یہ حربہ علاقائی کارندوں پر دھونس قائم رکھنے کا موثر ذریعہ ہے۔ اگر ڈپٹی کمشنر اس قسم کے ہتھکنڈوں سے بے نیاز رہنے کی کوشش کرے، تو بہت جلد اس غریب کا اپنا تبادلہ ہو جاتا ہے۔

لیڈروں کے طبقے میں سب سے مشکل پسند لیڈری ان رہنماؤں کی ہے جو سیاست کی بجائے خالص مذہبی پیشوائی پر گزارہ کرتے ہیں۔ عید بقر عید کی طرح ان کا کاروبار بھی سال میں فقط ایک یا دو بار چمکتا ہے۔ خاص طور پر محرم کے دنوں میں ان کی کارگزاریاں بہت زور پکڑتی ہیں۔ کہیں جلوس کے راستوں پر تنازعہ ہے کہیں تعزیوں کی لمبائی پر جھگڑا ہے۔ کسی زمانے میں جب ہولی اور محرم کے جلوس مسجدوں کے آگے سے گزرتے تھے، تو ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان اچھا خاصا میدان کارزار گرم ہو جاتا تھا۔ لیکن آزادی بھی ملی۔ اور ہندو بھی چلے گئے۔ پھر بھی جلوسوں اور مساجد کا تصادم اسی طرح باقاعدگی سے جاری ہے۔

ظہر کا وقت ہے۔ محرم کا جلوس نکلا ہوا ہے۔ بستی کی مسجد میں معمول سے زیادہ نمازی جمع ہیں۔ جلوس نے جان بوجھ کر اپنی رفتار سست کر رکھی ہے۔ تاکہ جب اذان کی آواز بلند ہو تو وہ لپک کر مسجد کے سامنے پہنچ جائے۔ ادھر موذن کو انتظار ہے کہ ادھر جلوس نزدیک آئے تو خدا کے بندوں کو نماز کے لئے پکارا جائے۔ باہر جلوس اور اندر جماعت دو مخالف فوجوں کی طرح صف آرا ہو جاتے ہیں۔ لیکن عین اس وقت علاقہ کا تھانیدار یا مجسٹریٹ دونوں فریقوں کو ترغیب دیتے ہیں کہ وہ اپنے اپنے نمائندے ڈپٹی کمشنر کے پاس بھیجیں۔ فریقین کے پیشوا اپنے اپنے وفود لے کر بعد تزک و احتشام ڈپٹی کمشنر کے پاس آتے ہیں۔ اب اگر ڈپٹی کمشنر نے سال بھر ان رہنماؤں کے ساتھ مریدانہ خیر سگالی کے تعلقات استوار کر رکھے ہیں۔ تو بہت جلد مصالحت کے آسان آسان راستے نکل آتے ہیں۔ اور نہ اگر بدقسمتی سے وفود میں سے کسی صاحب کا راشن ڈپو ان کی بدعنوانیوں کی وجہ سے منسوخ ہو چکا ہے۔ یا کسی صاحب کو ٹرک چلانے کا لائسنس نہیں ملا۔ یا کسی صاحب کے فرزند ارجمند کو ضلع کچہری میں ملازمت نہیں ملی تو...

ایک گاؤں میں اچانک خطرناک قسم کی کشیدگی نمودار ہو گئی۔ مسئلہ زیر تنازعہ یہ تھا کہ درود و سلام کے دوران میں "یا رسول اللہ کہنا" جائز ہے یا نہیں۔ باہر سے دو مولوی آئے ہوئے تھے۔ ایک کا ارشاد تھا کہ یا رسول اللہ کہنا جائز ہی نہیں بلکہ باعث برکت ہے۔ دوسرے مولوی اسے ناجائز اور بدعت قرار دیتے تھے۔ علمائے کرام کے دائرے سے نکلتی پھیلتی یہ بحث سارے گاؤں میں سرایت کر گئی۔ اس آڑ میں بہت سی ذاتی رنجشوں اور رقابتوں اور مخاصمتوں نے بھی اپنا رنگ دکھایا اور رفتہ رفتہ گاؤں کے بہت سے لوگ آپس میں برسر پیکار ہو گئے۔ ایک دوسرے کے مویشی چرانے لگے۔ سر پھٹول ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے سارا گاؤں فساد اور بد امنی کے ایک مستقل چکر میں بری طرح پھنس گیا۔ آخر کار دونوں مولویوں کو گرفتار کر کے باہر بھیج دیا گیا اور جب پوری تفتیش کے بعد اس جھگڑے کا پہاڑ کھودا گیا تو اس میں سے سیاست کی ایک چھوٹی سی چوہیا برآمد ہوئی۔ گاؤں میں ایک نمبردار صاحب تھے جو کسی زمانے میں صوبائی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے تھے۔ کچھ عرصہ تک انہوں نے بڑے ٹھاٹھ سے ممبری کی۔ لیکن ان کے مخالف امیدواروں نے عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا کہ انتخاب ناجائز طریقے سے ہوا تھا۔ اس لئے کالعدم قرار دیا جائے۔ مقدمہ منظور ہوا اور ایک دن بیٹھے بٹھائے ایم۔ ایل۔ اے اسمبلی کی رکنیت سے خارج ہو گئے۔ اسمبلی اور شراب میں ایک مشترکہ خاصیت ہے کہ چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی۔ جن دنوں یہ نمبردار صاحب ایم۔ ایل۔ اے تھے ان کی شان ہی کچھ اور تھی۔ لاہور جاتے تھے تو وزیروں کے دوش بدوش بیٹھتے تھے۔ ضلع کی تقریبوں میں انہیں اگلی صف میں جگہ ملتی تھی۔ تحصیلدار، تھانیدار جب دورے پر آتے تھے تو ان کے گھر کھانا ضرور کھاتے تھے۔ چند پٹواریوں اور ضلع داروں کو بھی انہوں نے اپنے اثر سے تبدیل کرا دیا تھا...... اتنا سارا خون منہ کو لگنے کے بعد جب اسمبلی کا دامن ہاتھ سے چھوٹ گیا، تو زندگی کے سارے مزے کرکرے ہو گئے۔ اب نہ وزیر ان کی بات پوچھتے تھے۔ نہ ڈپٹی کمشنر انہیں اپنی دعوتوں میں بلاتا تھا۔ ہاں تحصیلدار، تھانیدار ان کا کھانا اب بھی کھا لیتے تھے لیکن گھر پر جا کر نہیں۔ بلکہ حسب ضرورت اپنے کیمپ ہی میں منگوا بھیجتے تھے۔

زندگی کی اس بے کیفی کو ختم کرنے کے لئے سابق ایم ایل اے نے بہت سے نسخے آزمائے۔ لیکن سیاسی وقار کی جو عمارت منہدم ہو چکی ہے۔ اس کے مینار کسی صورت دوبارہ بلند نہ ہوتے تھے۔ بہت کچھ سوچ بچار کے بعد آخر انہوں نے اپنے قریب سے دو مستند مولویوں کو بلا کر گاؤں میں یہ نیا فساد برپا کر دیا۔ بیچارے مولوی صاحبان تو گرفتار ہو گئے۔ لیکن کچھ روز کے لئے نمبردار صاحب کی لیڈری کا بازار بھی خوب گرم ہو گیا۔ پولیس اور مال کے افسر اور مجسٹریٹ صاحبان جو اس ہنگامے کے سلسلے میں وہاں جاتے تھے۔ وہ سب سابق ایم ایل اے کے ہاں فروکش ہوتے تھے۔ اور حفظ امن عامہ کے سارے منصوبوں میں ان کی رائے بڑی مفید ثابت ہوتی تھی۔

لیڈروں کی منڈی میں بازار کے بھاؤ اکثر اوقات بدلتے رہتے ہیں۔ منڈی غلے کی ہو یا سیاست کی۔ تجارتی اصول سب جگہ قریباً ایک ہی ہوتے ہیں۔ آج کل بڑی بڑی دکانوں میں مختلف چیزوں کے لیبل لگانے کا رواج عام ہے۔ یوں بھی حکومت نے قیمتوں پر کنٹرول کرنے کے لئے بہت سے قانون بنا رکھے ہیں۔ لیکن رہنماؤں کی جس جنس سے ڈپٹی کمشنر کا سابقہ پڑتا ہے۔ اس پر راشن بندی اور پرائس کنٹرول کا کوئی ضابطہ نافذ نہیں ہوتا یہاں پر ڈپٹی کمشنر کو محض اپنی کاروباری فراست اور نظر شناسی سے ہی کام لینا پڑتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ سیاست اور تجارت کی اس کشمکش میں کبھی کبھی بیچارے ڈپٹی کمشنر کا اپنا بھی دیوالیہ نکل جاتا ہے۔

قدرت اللہ شہاب

موجودہ اسمبلی بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی مجاز نہیں

نئے سرے سے انتخابات کرائے جائیں۔ نوابزادہ نصراللہ

میانوالی ۸ ستمبر (پ پ) پی ڈی پی مغربی پاکستان کے سربراہ نوابزادہ نصراللہ خاں نے حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ ایسے اقدامات کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے جن سے باقی بچا ہوا پاکستان بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ آج یہاں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے حکمرانوں نے مشرقی پاکستان کے سانحہ سے کوئی سبق نہیں سیکھا اور وہ پھر وہی غلطیاں دہرانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں بڑے پیمانے پر اس قسم کا پروپیگنڈہ کیا گیا ہے کہ پاکستان کو اپنے دشمنوں کے ہاتھوں مکمل شکست ہو گئی ہے۔ اس طرح کے پروپیگنڈہ سے قوم کے حوصلے پست ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے حال ہی میں صدر سے اپنی ملاقات کے دوران ان سے کہا تھا کہ وہ اس قسم کے نقصان دہ پروپیگنڈہ کو روکنے کی کوشش کریں ورنہ آئندہ قوم دشمن کا مقابلہ کرنے کے قابل نہ رہے گی۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے نوابزادہ نصراللہ خاں نے کہا کہ موجودہ قومی اسمبلی بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کرنے کی مجاز نہیں ہے۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ملک میں نئے سرے سے انتخابات کرانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑے پیمانے پر سیاسی لیڈروں اور کارکنوں کی گرفتاریوں کے باعث حزب اختلاف کی پارٹیوں کا متحدہ محاذ قائم کرنے کیلئے مذاکرات ملتوی کر دیئے گئے ہیں۔

سلہٹ میں بھوکوں کے جلوس پر فائرنگ

پولیس اور مظاہرین میں لڑائی، متعدد زخمی

راولپنڈی ۱۲ ستمبر (پ پ) ڈھاکہ سے یہاں پہنچنے والی اطلاعات کے مطابق پولیس نے ۱۵ اگست کو سلہٹ میں بھوکوں کے جلوس پر گولی چلائی جس سے متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ تقریباً ایک ہزار بھوکوں نے جو گذشتہ چار روز سے بھوک ہڑتال پر تھے، ضروری اشیاء کی قیمتوں میں زبردست اضافے کے خلاف ایک جلوس نکالا۔ بھوک ہڑتالیوں نے عوام کو مناسب قیمتوں پر غذائی اجناس کی فراہمی میں ناکامی پر ڈھاکہ انتظامیہ کے خلاف نعرے لگائے۔ بھوکوں کے جلوس نے شہر کی اہم شاہراہوں پر گشت کیا۔ جب بھوکوں کا جلوس شہر کے وسط میں پہنچا تو پولیس اور عوامی لیگ کے غنڈوں نے مہلک ہتھیاروں کے ساتھ جلوس پر حملہ کر دیا۔ سخت لڑائی ہوئی اور پولیس نے گولی چلائی جس کے نتیجہ میں متعدد افراد زخمی ہو گئے بعض کو شدید زخم آئے۔ پورے مشرقی پاکستان میں عوام کو ذخیرہ اندوزی، چور بازاری، اسمگلنگ، بدعنوانیوں اور لاقانونیت کے سبب غذائی اجناس اور اشیائے صرف کی شدید قلت کا سامنا ہے۔

شہری نظربندوں کا تبادلہ

اسلام آباد ۱۲ ستمبر (پ پ) آج یہاں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کی حکومتیں آج شہری نظربندوں کے تبادلے پر متفق ہو گئی ہیں جنہیں دونوں ملکوں کے مقبوضہ علاقوں سے پکڑا گیا تھا۔ تبادلے کے متفقہ پروگرام کے مطابق حکومت پاکستان ۱۹ اور ۱۷ ستمبر ۱۹۷۲ء کو اس قسم کے ۲۰۲ بھارتی باشندوں کو واہگہ سرحد سے واپس بھیجے گی۔ بھارتی حکومت ۱۱ اور ۱۵ ستمبر ۱۹۷۲ء کو اس قسم کے پاکستانی باشندے پاکستان بھیجے گی۔ ان تمام پاکستانی باشندوں کی تعداد تقریباً ... ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اُس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کبھی بے کسی نے اذاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

بنگالی مسلمانوں کا مستقبل

اہلِ پاکستان کے لئے اس سے زیادہ رنج اور دُکھ کی بات اور کوئی نہیں ہوسکتی کہ کل کے مشرقی پاکستان میں سیاسی و معاشی حالات خراب تر ہوں اور دیہات میں لوگ فاقے سے مرجائیں۔ آج ڈھاکہ اور اس کے گرد و نواح میں حالات جس تیزی کے ساتھ خراب ہو رہے ہیں انہیں دیکھتے ہوئے کوئی نہیں کہہ سکتا کہ علاقے کے سات کروڑ مسلمانوں کا مستقبل کیا ہے؟ ڈھاکہ میں منعقد ہونے والے ایک جلسے میں بتایا گیا ہے کہ دیہات میں فاقہ کشی سے اموات ہو رہی ہیں، بدعنوانیاں عام ہیں اور برسرِاقتدار عوامی لیگ کے لیڈر دن رات لوٹ کھسوٹ میں مصروف ہیں۔ پچاس ہزار شرکاء کے جلسے میں اعلان کیا گیا کہ اگر مجیب ازم کو "لینن ازم" کے مقابلے پر لانے کی کوشش ترک نہ کی گئی اور امدادی اشیا کی فراہمی میں بدعنوانیوں کا قلع قمع نہ کیا گیا تو ایک بار پھر ہتھیار اُٹھا لئے جائیں گے اور مزدور کسان مل کر ارکانِ اسمبلی کی کھالوں کے جوتے بنا کر پہنیں گے۔ یہ انداز فکر صرف بنگلہ دیش کی سرزمین تک محدود نہیں ہے۔ بیرونی ممالک میں بسنے والے بنگالیوں کی بھی آنکھیں کھل رہی ہیں۔ لندن میں شیخ مجیب الرحمٰن کے خلاف مہم کا آغاز ہوچکا ہے۔ وہاں کی جانے والی تقاریر سے اندازہ لگایا گیا ہے کہ شیخ صاحب کی زندگی کو بھی خطرہ لاحق ہے۔

بنگلہ دیشی رہنماؤں کی ہٹ دھرمیوں کے باوجود پاکستان کے عوام بنگالی مسلمانوں سے خود کو علیحدہ نہیں سمجھتے۔ ان کے لئے یہ خبریں انتہائی تکلیف دہ ہیں کہ دیہات میں فاقہ کشی سے اموات ہو رہی ہیں اور بدعنوانیوں کا رونا رونے والوں کی حکومت خود ہر قسم کی بدعنوانیوں کی مرتکب ہو رہی ہے۔ بنگلہ دیشی لیڈروں نے مغربی پاکستان کے "استحصال" کا اس قدر پروپیگنڈا کیا تھا کہ تمام حقائق پر جذبات کا پردہ پڑ گیا۔ لیکن سچی بات یہ ہے کہ اس "استحصال" کے باوجود مشرقی پاکستان کا کوئی باشندہ بھوک سے نہیں مرا۔ قحط اور فاقہ کشی سے اموات کی خبریں تو ہمیشہ بھارت سے ہی آیا کرتی تھیں اور شاید اُسی کا منحوس سایہ پڑ گیا ہے جس کی وجہ سے کل کے ہرے بھرے مشرقی پاکستان میں آج لوگ فاقے سے مر رہے ہیں۔

مشرقی پاکستان کے تازہ ترین واقعات سے کوئی پاکستانی خوشی محسوس نہیں کرسکتا۔ یہاں پر سب کا اندازِ فکر یہ ہوگا کہ ایک صوبے کے عوام کو بہت بڑا دھوکہ دیا گیا جس کے نتیجے میں اُس کے عوام مزید مصائب میں مبتلا ہوگئے۔ اس نقطۂ نظر کی وجہ سے پاکستان کا ہر باشندہ اپنے مشرقی پاکستانی بھائیوں سے دلی ہمدردی محسوس کرے گا اور کوشش کریگا کہ اُن پر مصائب کا بار کم کرانے کے لئے کوئی جدوجہد کرے۔ یہ بات خود بنگلہ دیشی لیڈر بھی جانتے ہیں کہ قیامِ پاکستان کے کئی سال بعد تک عوام کے درمیان نفرت کی دیواریں نہیں تھیں۔ سکس پوائنٹ کے لوگ پسماندگی اور مفلسی کے جن مرحلوں میں مبتلا ہیں ان ہی میں بالاکوٹ ایجنسی کے لوگ بھی گرفتار تھے۔ یہ تو کچھ لیڈروں کی کرم فرمائی تھی کہ عوام کے درمیان نفرت پیدا ہوئی اور بھائی بھائی کے خون کا پیاسا ہوگیا۔ باقی ماندہ پاکستان کے لوگ اب ان تمام حقائق سے آگاہ ہوچکے ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ مشرقی پاکستان کے عوام بھی محض دھوکے کا شکار ہوئے ہیں لیکن اب لیڈروں کا فریب عوام کو بہت مہنگا پڑ رہا ہے۔ پاکستان کے عوام، بنگلہ دیشی عوام کے اس دُکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔ انہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ کچھ لوگوں کی خود غرضی نے بھارت کے ساتھ مل کر یہ پورا منظر مرتب کیا ہے لیکن اس سازش کا تمام خمیازہ صرف عوام کو بھگتنا پڑے گا۔ ان حالات میں حکومتِ پاکستان پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں حصہ لینے والے بنگالی مسلمانوں کے مصائب میں کمی کرانے کی پوری کوشش کرے۔ یہ کوشش ماضی قریب کی طرح چاول بھیجنے کی پیشکش سے لے کر بنگالی مسلمانوں کی حالتِ زار کی نقاب کشائی تک کئی طریقوں سے ہوسکتی ہے۔ مسز اندرا گاندھی اور شیخ مجیب الرحمٰن نے جو حالات پیدا کئے ہیں ان میں اس کوشش کی گنجائش تو نہیں ہے تاہم جدوجہد جاری رہنی چاہئے۔ ہوسکتا ہے کہ کسی وقت بنگلہ دیشی لیڈروں کی عوام دشمنی بالکل بے نقاب ہوجائے اور دنیا پر پاکستان کے موقف کی صداقت ثابت ہوجائے۔ اگر ایسی کوشش جاری رکھی گئی تو ہم قائدِ اعظم کی روح سے شرمندہ نہیں ہوں گے اور تحریکِ پاکستان کے عظیم بنگالی مجاہدین کی مدد کا حق بھی ادا ہوجائے گا۔ آج بنگالی مسلمانوں کا مستقبل خطرات میں گھر گیا ہے۔ ایک طرف بھارتی بھیڑیے اُن کا خون نچوڑ رہے ہیں اور دوسری طرف عوامی لیگ کی لادین، خود غرض اور ناکارہ قیادت ان کے سروں پر مسلط ہے۔ ان دونوں عوامل کی موجودگی میں ہمارے لئے کامیابی کا امکان بہت کم ہے لیکن اگر بنگالی مسلمانوں کی مدد کے لئے ہماری جدوجہد جاری رہی تو شاید ان تازہ زخموں کی جلن کچھ کم ہوجائے جو مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد وہاں کے عوام کی مخدوش الحالی سے ہمارے دلوں پر لگ رہے ہیں۔

علیحدگی کے اسباب ۲۵ سال کی تاریخ میں مضمر ہیں

نیشنل اسمبلی میں صدرِ مملکت کے خیال افروز خطبے نے تحریکِ پاکستان کی تاریخ پر از سرِ نو تفکر کے دروازے کھول دیئے ہیں اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ تاریخ کوئی جامد چیز نہیں۔ جوں جوں نئے حقائق سامنے آتے ہیں یہ ایک نئے سانچے میں ڈھلتی چلی جاتی ہے اور یوں بھی ہوتا ہے کہ موجودہ حقائق کی بنیاد پر از سرِ نو مطالعے سے نئے نتائج اخذ کئے جاتے ہیں مسلمہ حقائق کو یقیناً تقدس کا درجہ حاصل ہے لیکن نتائج کو تقدس کا درجہ حاصل نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ بدلتے بھی رہتے ہیں۔ شرط صرف یہی ہے کہ نتائج اخذ کرتے وقت پوری ذہنی دیانت سے کام لیا جائے۔ صدرِ مملکت فرماتے ہیں کہ علامہ اقبال کا تصورِ پاکستان یہ تھا کہ برِصغیر کے مسلمانوں کے سیاسی مستقبل کو دو قومی نظریئے کی روشنی میں ایک دوسرے سے متصل مسلم اکثریتی رقبوں کے روپ میں دیکھا جائے۔ ہمارے نزدیک یہ بیان صحیح ہے کیونکہ اگر خطبۂ الٰہ آباد اور اقبال کے خطوط بنام قائدِ اعظم کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے تو ہم اس نتیجے پر پہنچیں گے۔ علامہ اقبال نے خطبۂ الٰہ آباد میں فرمایا کہ "مجھے تو شمال مغربی ہند کے مسلمانوں کی آخری تقدیر یہی معلوم ہوتی ہے کہ ایک متحدہ شمال مغربی ہندوستانی مسلم اسٹیٹ بنائی جائے۔" اسی خطبے میں انہوں نے فرمایا کہ نہرو کمیٹی میں بھی یہ تجویز پیش کی گئی تھی۔ لیکن اسے اس بنا پر مسترد کردیا گیا کہ یہ ریاست اتنی بڑی ہوگی کہ اس کا انتظام مشکل ہوجائے گا۔ اس حوالے کو اگر اس بات کی روشنی میں دیکھا جائے کہ شمال مغربی ہندوستانی مسلم ریاست کے الفاظ استعمال کئے گئے تو معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ریاست کو صوبے کے معنوں میں استعمال کیا۔ اگر خطبۂ الٰہ آباد کے باقی حصص کا مطالعہ کیا جائے تو اس خیال کی تصدیق ہوجاتی ہے کیونکہ اس میں ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے لئے بھی ریاست ہی کا لفظ استعمال کیا گیا ہے یہی وجہ ہے کہ انہوں نے بنگال کا خصوصی تذکرہ نہ کیا کیونکہ وہ تو بہرحال ایک مسلم اکثریتی صوبہ تھا۔

وقت گزرتا گیا اور ہندو قوم کا تعصب ابھرتے ابھرتے ایک زیادہ جیتی جاگتی حقیقت بن گیا تو اقبال کا سیاسی تفکر بھی ارتقائی مدارج طے کرتے کرتے اس نتیجے پر پہنچا کہ مسلمانوں کے لئے اپنے اکثریتی علاقوں کو ہندوستان سے الگ کرنا ضروری ہے ۱۹۳۷ء کے وسط میں ان کی رائے یہ تھی کہ شمال مغربی ہند کے مسلمانوں کو اپنے سیاسی مستقبل کے فیصلے کے لئے خود سوچنا ہوگا۔ چنانچہ انہوں نے قائدِ اعظم کے نام ایک مکتوب میں شمال مغربی ہند مسلم کانفرنس کے انعقاد کی تجویز کا ذکر کیا اور ساتھ ہی کہا کہ غالباً موجودہ وقت اس کے لئے مناسب نہیں۔ بہرحال انہوں نے قائدِ اعظم کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے آنے والے خطبے میں کم از کم شمال مغربی ہند کے مسلمانوں کے لئے راہِ عمل تجویز کردیں۔ اس مکتوب میں وہ لکھتے ہیں۔

"میرے نزدیک ایک واحد ہندوستانی فیڈریشن کے تصور کا سوال بنیادی طور پر باطل ہوچکا ہے۔ میرے نزدیک مسلمانوں کو غیر مسلموں کے غلبے سے بچانے اور ایک پر امن ہندوستان کے حصول کا واحد طریقہ یہی ہے کہ مندرجہ بالا خطوط پر مسلم اکثریتی صوبوں کی ایک الگ فیڈریشن قائم کی جائے آخر شمال مغربی ہند اور بنگال کے مسلمانوں کو کیوں نہ ایسی قومیں سمجھا جائے جو ہندوستان کے اندر اور باہر دوسری قوموں کی طرح خود ارادیت کی مستحق ہیں؟"

(۲۱ رجون ۱۹۳۷ء)

اس مکتوب کی تحریر کے ڈیڑھ ماہ بعد ہم نے پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کی تحریک شروع کی تو حضرت علامہ سے چند ملاقاتوں کا موقع ملا۔ غالباً اگست ۱۹۳۷ء کے وسط میں جب راقم الحروف نے میاں محمد شفیع اور حمید نظامی مرحوم کی معیت میں ان سے ملاقات کی اور مسلم طلبہ کے نصب العین کے سلسلے پر تبادلۂ خیالات کیا۔ تو انہی کی تجویز پر پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا نصب العین یہ قرار دیا کہ شمال مغربی ہند کے علاقوں، پنجاب، سرحد، سندھ اور بلوچستان پر مشتمل ایک "مسلم نیشنل اسٹیٹ" قائم کی جائے۔ جو مسلمانوں کے حقِ خود ارادیت پر مبنی ہو۔ اس ملاقات میں ہم لوگوں نے بنگال کا تذکرہ کیا تو علامہ اقبال نے حالانکہ بنگال مسلم اکثریتی صوبہ تھا۔ اور قائدِ اعظم کے چودہ نکات میں ایک مطالبہ یہ بھی شامل تھا کہ بنگال و پنجاب کی مسلم اکثریتوں کو قانونی حیثیت سے تسلیم کیا جائے۔

تین سال بعد قراردادِ لاہور منظور ہوئی۔ اس کے بارے میں صدرِ مملکت فرماتے ہیں:

"آئیے ہم قراردادِ لاہور ۱۹۴۰ء کے متن پر نظر ڈالیں کیا اس سے مسلم مملکت مراد تھی یا دو الگ الگ مسلم مملکتیں؟ قائدِ اعظم کے بیانات اور خطبات اصل پوزیشن واضح کرتے ہیں جن میں زیادہ سے زیادہ دو مملکتوں کے درمیان کنفیڈریشن کے رابطے کی گنجائش بنتی ہے:

چونکہ ہم نے ایک ممبر کی حیثیت سے آل انڈیا مسلم لیگ کے لاہور سیشن میں شرکت کی تھی اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس سلسلے میں چند تاثرات پیش کریں جو نیں کی تعداد سینکڑوں بلکہ ہزاروں تھی اس لئے ہمیں اب کوئی موقع نہیں کہ قرارداد کے مسودے کی تیاری میں ہمارا کوئی حصہ تھا یہ قرارداد سبجیکٹس کمیٹی نے مرتب کی اور کھلے سیشن میں پیش کردی اس میں کوئی شبہ نہیں کہ قرارداد میں مملکت کا لفظ بصیغۂ جمع درج ہے لیکن ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ حاضرین کی توجہ اس نکتے پر بالکل نہ گئی۔ وہ صرف ہم سب کا تاثر یہ تھا کہ ایک متحدہ مملکت بنے گی بلکہ قائدِ اعظم، مولوی فضل الحق، مولانا ظفر علی خان، چوہدری خلیق الزمان اور دوسرے تمام بزرگوں کی تقریروں سے بھی یہی ظاہر ہوتا تھا چونکہ اس وقت تک "پاکستان" کا لفظ اپنایا نہیں گیا تھا۔ اس لئے اس مملکت کے لئے مسلم انڈیا کی اصطلاح استعمال کی جاتی تھی اور قائدِ اعظم کے صدارتی خطبے میں بھی یہ اصطلاح موجود ہے اس کے بعد پاکستان کا لفظ اپنایا گیا اور ۱۹۴۰ء سے ۱۹۴۶ء تک قائدِ اعظم کے خطبات اور بیانات اور دوسرے قومی رہنماؤں کی تقریروں اور بیانات میں کبھی مملکت کے لئے صیغۂ جمع استعمال نہ ہوا۔ سوائے ایک قرارداد کے جو آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلسِ عاملہ نے اگست ۱۹۴۱ء میں منظور کی۔ اس قرارداد کا اقتباس ملاحظہ ہو۔

اس کے برعکس قائدِ اعظم نے بیسیوں مرتبہ ایک ہی مملکت کا تذکرہ کیا۔ خلاً ۲۶ فروری ۱۹۴۴ء کو برطانوی اخبار "نیوز کرانیکل" کے نامہ نگار خصوصی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ اگر حکومتِ برطانیہ خلوص کے ساتھ ہندوستان میں امن چاہتی ہے تو اسے چاہیئے کہ ایک نئے آئین کے ذریعے سے ہندوستان کو دو آزاد قوموں میں تقسیم کرے مسلمانوں کے لئے پاکستان اور ایک ہندوستان جو تمام ملک کی نمائندگی کرے اور

۱۴ ستمبر ۱۹۴۴ء کو لندن کے اخبار "ڈیلی میل" کے نامہ نگار نے ایک انٹرویو میں قائدِ اعظم سے کہا کہ وہ غیر مسلم محبانِ آزادی کے لئے مطالبۂ پاکستان کی تشریح فرمائیں۔ اس کے جواب میں موصوف نے کہا: "مطالبۂ پاکستان کی پوری اہمیت سمجھنے کے لئے یہ بات ذہن میں رکھنی ضروری ہے کہ اس میں چھ صوبے شامل ہوں گے۔ برِصغیر کے شمال مغرب میں سرحد، بلوچستان، سندھ اور پنجاب اور شمال مشرق میں بنگال اور آسام۔ ان علاقوں میں سات کروڑ مسلمان آباد ہیں۔ جو کل آبادی کا ستر فی صد ہیں (برِصغیر کا باقی حصہ ہندوؤں، قبائلی باشندوں اور اچھوتوں پر مشتمل ہے) مسلمان چاہتے ہیں کہ ان علاقوں میں پاکستان کے نام سے ایک آزاد مملکت قائم کی جائے۔"

یہ محض چند اقتباس ہیں۔ جو صرف ۱۹۴۴ء کے چند مہینوں سے تعلق رکھنے والے خطبات، بیانات اور مکاتیب کو جستہ جستہ دیکھ کر پیش کئے گئے ہیں۔ ورنہ یہ ایک حقیقت ہے کہ قائدِ اعظم نے قراردادِ لاہور سے ہمیشہ ایک مملکت کا تصور لیا۔

ہمارے نزدیک مسلم بنگال کی علیحدگی کا جواز تحریکِ پاکستان کی تاریخ یا قراردادِ پاکستان میں نہیں بلکہ جغرافیے میں تلاش کرنا چاہیئے اور اس کے ساتھ ہی گذشتہ پچیس سال کی تاریخ میں ڈھونڈنا چاہیئے۔ ہمارے نزدیک مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بنیادی اسباب یہ ہیں:۔

۱۔ ہم نے یہ حقیقت نہ سمجھی کہ پاکستان کا جغرافیہ انوکھا ہے اس لئے آئین بھی انوکھا ہونا ضروری تھا۔

۲۔ جب ۱۹۵۴ء میں مشرقی پاکستان اسمبلی کے عام انتخابات میں متحدہ محاذ نے اکیس نکاتی پروگرام کی بنا پر زبردست فتح حاصل کرلی۔ تو ہمارا فرض تھا کہ اس فتح کو چیلنج کرنے کی بجائے آئین کی تشکیل میں وہاں کے عوام کی آرزوؤں اور جغرافیائی تقاضوں کو پیشِ نظر رکھتے۔

۳۔ صدرِ مملکت کا یہ خیال درست ہے کہ مشرقی اور مغربی پاکستان کے درمیان مساوی نمائندگی یا پیریٹی کے اصول نے علیحدگی کا بیج بودیا۔ کیونکہ اکثریت کو اپنے منصب سے گرا کر مساوی سطح پر لانا ایک دھاندلی تھی۔ اور اس طرح ہم نے مشرقی پاکستان کو احساس دلایا کہ ہم ان کے گلے سے ڈرتے ہیں۔ بلکہ ہم یہ بھی کہیں گے کہ وحدتِ مغربی پاکستان؟ ون یونٹ کا تصور بذاتِ خود غلط نہ تھا لیکن یہ ہو۔ اس کی بنیاد بدنیتی پر قائم تھی۔

۴۔ ہم نے یہ حقیقت نہ سمجھی کہ مغربی پاکستان کے علاقوں کو برطانوی سامراج نے ایک سو سال تک لوٹا۔ اور مغربی پاکستان کے علاقوں کا ہندوؤں اور برطانوی سامراج نے دو سو سال تک استحصال کیا۔ ایسے میں مشرقی پاکستان خصوصی توجہ کا مستحق تھا۔ لیکن پچیس سال کے بعد بھی یہ صورت تھی کہ چھپن فی صد آبادی کو مرکزی ملازمتوں کا صرف پندرہ فی صد حصہ حاصل تھا۔

افکار و حوادث ۔ ڈاکٹر عبدالسلام خورشید

نہیں ہوتا تھا۔ مگر مقصد در اصل یہ ہو کہ برطانوی قوم کو یہ معلوم نہیں ہے کہ جب آزادی چھن جاتی ہے تو کیا کیا ہے اور جب حقوق پامال کئے جاتے ہیں تو ذہنوں پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ برطانیہ بار بار اظہارِ حکومت کی ماں کہلاتا ہے مگر یہ ساری دنیا جانتی ہے کہ اسے صرف اپنا ملک ہی جانتے ہوں گے کہ اہلِ برطانیہ اپنی تاریخ میں اہلِ فلسطین اور اہلِ ہندوستان اور اہلِ کشمیر کی سی آزمائشوں میں سے گزرنے کا کبھی موقع نہیں ملا۔ وہ ایک بادشاہ کو بدل کر دوسرے بادشاہ کو تخت پر بٹھا سکتے ہیں یا پھر غیر ملکی بادشاہت کا مقابلہ کرنے سے بچ جاتے ہیں انہیں علم ہی نہیں ہے اور اس علم کے لئے ان کے پاس مناسب نفسیات ہی نہیں ہے کہ فلسطین کے توسط سے دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے۔ وہ کیوں ہو رہا ہے۔ وہ مہذب تہذیب کا پرچار کرتے پھرتے ہیں مگر ان کی تہذیب اس آدم خوری سے مختلف نہیں جس کا تجربہ کرنے کے بعد بہت سے لوگ بیزار ہو گئے تھا اور انسانی گوشت کو اتفاقی طور پر پکانے کے لئے چھری کانٹے سے کھانے لگے تھے۔

جہاں بھی جو شخص اپنے وطن سے اسرائیل کو رنگ دیا گیا، وہ چاہتا ہے اس کا ایک ایسا تصور بن جائے جس میں کچھ ہم ہیں اہلِ مغرب کے غلیظ پن کی۔ مغرب کی طرف سے یہ ایک نئے ٹیکنیکل ترقی پر اعتراض کیا ہے تو اہلِ مغرب کے لئے یہ الفاظ کی غلط فہمی کی بات ہے ان کے پیچھے اپنے حکومتوں اور انسانیت کی اس رہنمائی کی قسمت کا مطالعہ کیا جائے تو یہ ثابت ہوگا۔ یہی وہ تعریف ہے جس کے تحت مغرب کے آبا و اجداد تہذیب کے نام پر انسانی تاریخ کی سب سے بڑی بد تہذیبی کا صدیوں تک مسلسل ارتکاب کرتے رہے اور ایشیا اور افریقہ کا شاید ہی کوئی ملک ایسا ہو جو ان کی دستبرد سے محفوظ رہ سکا ہو۔ ان کے ہاتھوں میں پہنچ کر مغربی ممالک نے بیشمار انسانوں سے ان کا انسانی شرف چھینا اور انہیں اپنے گھوڑوں اور کتوں سے بھی کمتر درجہ دیا اگر یہ لوگ ابھی تہذیب پر فخر کرتے ہیں تو وہ قابلِ رحم ہیں۔ نہ جانے آج کل سلطنتِ برطانیہ پر سورج طلوع بھی ہوتا ہے یا نہیں جہاں پہلے کبھی سورج غروب ہی نہیں ہوتا تھا۔

احمد ندیم قاسمی

کرسکتے۔ بار بار ہم برطانیہ کا نام اس لئے لے رہے ہیں کہ برطانیہ کے عوام کا نمائندہ مسٹر ایلک ڈگلس ہیوم کو عرب مجاہدین کی دہشت پسندی پر تشویش کرنے والوں کے سرخیل کے سلسلے میں کہیں دور نہ جانا پڑے۔

آپ نے تہذیب کس سے سیکھی؟ آج سر ایلک اس قوم کے نمائندوں کی طرف ہیں جو اپنے مخالفین کو تہذیب دشمن قرار دے رہے ہیں جن سے ہم نے تہذیب و اخلاق سیکھے ہیں اہلِ مغرب کو اپنے یونانی فلاسفہ کا سراغ بھی عرب اہلِ دانش کے تراجم سے چلا تھا۔ یہ سر ایلک کس منہ سے ایک انتہائی درجہ کی مہذب قوم کو غیر مہذب قرار دے رہے ہیں، غیر مہذب تو دراصل وہ ہیں جنہوں نے فلسطینی عربوں کو اپنے وطن سے مجبور کردیا کہ

یہ بات کی دہشت انسان کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی تھی۔ دہشت پسندی کی دوسری قسم وہ ہوتی ہے جسے دہشت پسند کہہ دیا جاتا ہے نہایت بے حیائی کے ساتھ ان کے آزادی کے مجاہدین جن پر ایسا ظلم کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی کرامت اور آزادی کے لئے انتقام پر اتر آتے ہیں۔ سر ایلک ڈگلس ہیوم کے پاس اگر سوچنے کا وقت ہو تو اس نکتے پر غور فرمائیں کہ عرب مجاہدین کو کن حالات نے دہشت پسندی پر مجبور کیا۔ سر ایلک کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جب ۱۹۵۶ء میں صدر ناصر مرحوم نے نہر سویز کو مصری ملکیت میں لیا تھا تو مصر پر جن ملکوں نے حملہ کردیا تھا۔ ان میں سر ایلک کا برطانیہ بھی شامل تھا۔ پھر یوں ہوا کہ سالہا سال سے آسمان کی کھلی چھت کے نیچے زندگی بسر کرنے والے فلسطینی مہاجرین سے ان کے جھونپڑیوں کے گھروندے بھی چھین لئے گئے اور جن حکومتوں کی تائید و تعاون سے اسرائیل اس وقت مصر، شام اور اردن کے وسیع علاقوں پر قابض ہے، ان میں برطانیہ کی شمولیت سے سر ایلک انکار نہیں ...

لاہور لاہور ہے

دہشت پسندی کی قسمیں

دہشت پسند کو یقیناً کوئی مہذب قوم پسند نہیں کرتی، چاہے وہ صیہونی ہوں کی استعمار پسند قوم ہی کیوں نہ ہو۔ مگر دہشت پسندی کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ دہشت پسندی جو اپنی کسی خوفناک نفسیاتی کمزوری کو چھپانے کے لئے شروع کی جاتی ہے سر ایلک ڈگلس ہیوم سے بہتر کس کو معلوم ہوگا کہ میونخ میں وارد ہونے والے عرب مجاہدین اس شوق کے عالم نہیں تھے۔ اگر ایسی بات ہوتی تو وہ حکومت مغربی جرمنی کی طرف سے کروڑوں روپے کی پیشکش پائے حقارت سے نہ ٹھکرا دیتے۔ شوقیہ دہشت پسند نہتے ہیں۔ دہشت پسند سے خوفزدہ ہوکر ہتھیار ڈال دیتا ہے۔ ہتھیار ڈالنے کا موقع عرب مجاہدین کو بھی حاصل تھا مگر وہ تو ہتھیار ڈالنے کی بجائے ہتھیار ڈلوانے آئے تھے اور اس کوشش

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا
یکم اکتوبر ۱۹۷۲
جلد ۱ - نمبر ۱۳
۱۵ سینٹ

فوجوں کی واپسی میں تاخیر کا ذمہ دار بھارت ہے

واپسی میں تاخیر کے معاملہ کو مسئلہ نہیں بنایا جائے گا
ہم انتخابات سے نہیں ڈرتے کیونکہ ہمیں اسی کے ذریعہ اقتدار ملا ہے
اس وقت انتخابات کا مطالبہ جائز نہیں، فی الوقت بنیادی مسائل حل کرنے ہوں گے

[illegible]

کاش! دوسری شادی کی افواہ صحیح ہوتی: صدر کا تبصرہ
پہلا لندن پلان ★ دشمن پاکستانی ★ مائیکروفون پر پابندی

[illegible]

صدر بھٹو

فوجوں کی واپسی: صدر بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان ... [illegible]

نام نہاد بنگلہ دیش میں عوام بھوکوں مر رہے ہیں اور اراکین اسمبلی گلچھرے اڑا رہے ہیں کیا اسی سنہرے بنگال کا مجیب نے وعدہ کیا تھا؟

ڈھاکہ میں مجیب کے خلاف ۵ ہزار افراد کا مظاہرہ

اراکین اسمبلی نے امدادی اشیاء کی خورد برد بند نہ کی تو کسان اور مزدور انکی کھال کے جوتے بنائیں گے، طالب علم لیڈر عبدالرب کا انتباہ

ہم شیخ کی حکومت کو سات دن میں ختم کر سکتے ہیں
مجیب صرف ہتھیاروں کی بات کرتے ہیں ہم ہتھیار چلانا بھی جانتے ہیں۔ فوج عوام پر گولی نہیں چلائیگی۔ عوام کو طالب علم لیڈر کی یقین دہانی

[illegible]

بھارت بنگلہ دیش کو تسلیم کرائے بغیر جنگی قیدیوں کو رہا نہیں کریگا: اندرا

[illegible]

صدر بھٹو مذاکرات سے پہلے بنگلہ دیش کو تسلیم کریں: مجیب
ہمارے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی — بھارتی وزیر اعظم سے مذاکرات

[illegible]